ICI PAKISTAN

# ہمقدم

آئی سی آئی پبلی کیشن کا سہ ماہی جریدہ

جلد نمبر ۳ شمارہ نمبر ۴ اکتوبر تا دسمبر ۲۰۱۳

A Part of YBG



کارپوریٹ

# سال 2014 کے لیے میرا عہد

کارپوریٹ کمیونیکیشن اینڈ پبلک آفیئرز ڈیپارٹمنٹ نے سال 2013 کے آخری ہفتے میں نئے سال کی آمد کے حوالے سے میرا عہد My Resolution کے عنوان سے ایک مقابلہ کرایا۔ اور کہا گیا کہ سب سے بہترین منتخب عہد پر ایک موبائل فون انعام میں دیا جائے گا۔

پلانٹس اور وہ اسٹاف جن کو کمپیوٹر کی سہولت حاصل نہیں ہے ان کے لیے پینا فلیکس کے بڑے بڑے بینگرز نمایاں جگہوں پر آویزاں کیے گئے تاکہ زیادہ سے زیادہ افراد اس مقابلے میں حصہ لے سکیں، اس مقابلے میں تمام افراد نے بھرپور حصہ لیا اور سب سے زیادہ کیمیکلز پلانٹ سے (26) انٹریز آئیں۔

چنانچہ سوڈا ایش کے طاہر رضا P-20394 اور سید دانیال احمد، پولیسٹر بزنس کے بہترین عہد بھیجنے والے قرار پائے۔

درج ذیل میں منتخب عہد اور دیگر شرکاء کے عہد آپ کے مطالعے کے لیے پیش خدمت ہیں۔






- 90% سچ بولوں گا 10% بے ضرر جھوٹ بولوں گا۔ انشاءاللہ۔ (5409)
- انشاءاللہ حرمین شریفین کی حاضری کیلئے جاؤں گا اور باقی زندگی شریعت کے مطابق گزارنے کی بھرپور کوشش کروں گا۔ (57570)

## اداریہ

ہمقدم کا نیا شمارہ آپ کے ہاتھوں میں ہے۔ اس شمارے میں ہماری نئی شناخت کے بعد جو اسٹرٹیجی ورکشاپ منعقد ہوئی تھی، اس میں کمپنی کے بہترین دماغ مل کر بیٹھے اور کمپنی کے آئندہ کے سفر کے بارے میں لائحہ عمل طے کیا اور آئی سی آئی پاکستان کے بورڈ کی جانب سے اس لائحہ عمل منظوری کے بعد چیف ایگزیکٹو آصف جمعہ نے تمام سائٹس کا دورہ کیا تاکہ تمام اسٹاف کو کمپنی کے آئندہ کے لائحہ عمل سے آگاہ کیا جا سکے۔ اس کارپوریٹ اسٹرٹیجی میں سب سے زیادہ آئی سی آئی میں کام کرنے والے افراد پر توجہ دی گئی ہے اس کے ساتھ ساتھ موجودہ بزنسز کو مزید مضبوط اور پائیدار بنانا، کاروبار کے نئے مواقع تلاش کرنا اور ان سے فائدہ اٹھانا توانائی کے جاری منصوبوں کو وقت پر مکمل کرنا، اخراجات پر سخت کنٹرول اور اپنے کسٹمرز کے لیے نئے اور منفرد حل پیش کرنا جیسے نکات شامل ہیں۔

اس شمارے میں آپ کے لیے ایک نیا گوشہ میرے پسندیدہ اشعار شروع کیا جا رہا ہے۔ امید ہے کہ آپ اس میں دلچسپی کا مظاہرہ کریں گے اور اچھے اور معیاری اشعار بھیجیں گے۔ شعر کے نیچے اپنا حوالہ ضرور دیں، یعنی نام، اسٹاف نمبر، ڈیپارٹمنٹ اور بزنس۔

سال 2013 کے اختتام پر CCPA کی جانب سے سال 2014 کے لیے میرا عہد My Resolution کے نام سے ایک مقابلہ کرایا گیا تھا، اس میں آپ سب لوگوں کے نہایت بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔ اس شمارے میں تمام اسٹاف کے سال 2014 کے لیے عہد آپ کے لیے پیش کیے جا رہے ہیں۔ اس سلسلے میں سوڈا ایش کے طاہر رضا P-20394 اور سید دانیال احمد، پولیسٹر بزنس کے بہترین عہد بھیجنے والے قرار پائے۔ تفصیل آپ اس شمارے میں پڑھیں گے۔

کارپوریٹ

# چیف ایگزیکٹو کا دورہ اور خطاب



ماہ نومبر میں چیف ایگزیکٹو آصف جمعہ نے تمام سائٹس کا دورہ کیا اور وہاں موجود اسٹاف کو اپنے خطاب میں کمپنی کی کارکردگی کے بارے میں بتایا۔

انہوں نے اپنے خطاب کا آغاز کمپنی کی اقدار کے بارے میں تفصیل سے بات چیت سے شروع کیا۔ اس کے بعد حسب معمول سیفٹی اور پھر تمام بزنسز اور مجموعی طور پر کمپنی کی مالیاتی کارکردگی اور نئے منصوبوں میں سرمایہ کاری کے حوالے سے شرکاء کو بتایا۔ اس کے علاوہ آئی سی آئی پاکستان کے بورڈ کی جانب سے منظور کردہ کارپوریٹ اسٹریٹیجی کے بارے میں بھی تفصیل سے بتایا۔ اس اسٹریٹیجی میں آئی سی آئی میں کام کرنے والے افراد پر بہت توجہ دی گئی ہے اور اس کے ساتھ ساتھ موجودہ بزنسز کو مزید مضبوط اور پائیدار بنانا۔ نئے مواقع کو تلاش کرنا اور ان سے فائدہ اٹھانا، توانائی کے جاری منصوبوں کو وقت پر مکمل کرنا، اخراجات پر سخت کنٹرول اور اپنے کسٹمرز کے لیے نئے اور منفرد حل پیش کرنا شامل ہیں۔

تقریب کا آخری حصہ سوال جواب پر مشتمل تھا جس میں شرکاء نے کمپنی کی کارکردگی اور مستقبل کے حوالے سے سوالات کیے جن کے چیف ایگزیکٹو نے تسلی بخش جواب دیئے۔



- سوچوں گا کم اور کام زیادہ کروں گا Think Less Do More (5830)
- مل کر کریں گے سوچ بچار ۔ تا کہ بڑھے سیفٹی کا معیار. (5687)
- میں عہد کرتا ہوں کہ اپنے اخلاق سے کام کرنے کے ماحول کو بہتر بناؤں گا۔ (1990)
- میں عہد کرتا ہوں کہ سیفٹی کی پابندی کروں گا۔ (582)
- میں عہد کرتا ہوں کہ سال 2014ء میں نماز کی پابندی کروں گا۔ (503)
- میں 2008 سے آئی سی آئی میں سیکورٹی گارڈ کے فرائض انجام دے رہا ہوں۔ میں عہد کرتا ہوں کہ سال 2014ء میں بھی یہ فرائض نہایت ذمہ داری سے انجام دوں گا۔ (رحیم حلیم سیکورٹی 2088)
- میں عہد کرتا ہو 2014ء میں اس ادارے کی ترقی اور کامیابی کیلئے انرجی اور ویسٹ کی ضائع ہونے سے بچانے میں معاون ہونگا۔ (20307)
- کام کو ایمانداری سے کریں گے۔ (20346)

کارپوریٹ

# اتچ ایس سی ٹریننگ فرسٹ ایڈرز اور مریض





ہمارے کارپوریٹ آفس واقع مزنگ لاہور میں گزشتہ دنوں ڈاکٹر حماد حسن خان، کمپنی میڈیکل آفیسر نے کسی حادثے کی صورت میں ابتدائی طبی امداد دینے والے متاثرہ مریض کو کسی طرح ہینڈل کریں کے موضوع پر ایک تربیتی نشست رکھی۔ اس نشست میں ڈاکٹر حماد نے بتایا کہ ایک ایسا متاثرہ فرد جو کہ بے ہوش ہے اور اس کو فریکچر بھی ہو گیا ہے تو اس کو کس طرح سے محفوظ طریقے سے حادثے کی جگہ سے دور لے جایا جائے گا۔ تربیتی نشست کی خاص بات یہ تھی کہ اس کے آخر میں دوسری منزل سے ایک متاثرہ شخص کو گراؤنڈ فلور پر لانے کا عملی مظاہرہ بھی کیا گیا۔ تمام شرکاء نے اس نشست کو اپنے لیے بے حد مفید پایا۔

# محفوظ ڈرائیونگ کی تربیت



ہماری روزمرہ کی زندگی میں ڈرائیونگ کا بھی ایک اہم کردار ہے۔ یا تو ہم خود گاڑی یا موٹر سائیکل چلاتے ہیں یا کسی ایسی سواری میں بیٹھتے ہیں جو یقیناً دوسرا چلا رہا ہوتا ہے۔

جس طرح سے ہم سڑکوں پر گاڑیوں کا ایک بہت بڑا اژدھام دیکھتے ہیں اسی طرح آئے دن ہونے والے حادثات بھی ہماری نظر سے گزرتے ہیں۔ ایسے میں محفوظ ڈرائیونگ کی تربیت کی ضرورت بہت ہو جاتی ہے۔

چنانچہ طاہر رشید ایڈمن اور اتچ ایس سی منیجر کارپوریٹ آفس مزنگ نے کمپنی کی فلیٹ کاروں کے ڈرائیورز کے لیے محفوظ ڈرائیونگ کی ایک تربیتی نشست رکھی۔ اس نشست میں شرکاء کو بتایا گیا کہ ڈرائیونگ کے دوران کس قسم کے مختلف خطرات کا سامنا ہو سکتا ہے جس کے نتیجے میں حادثہ رونما ہو سکتا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ انہوں نے ڈرائیونگ کے دوران چند اہم نکات کے بارے میں بھی بتایا جن پر توجہ دینے سے کسی بھی ممکنہ حادثے سے بچا جا سکتا ہے۔ شرکاء نے اس تربیتی نشست کو اپنے لیے بے حد مفید پایا۔





میرا صفحہ

# ہیپاٹائٹس اسکریننگ

ہیپاٹائٹس بی اور سی ایک ایسی جان لیوا بیماری ہے جو کہ خدانخواستہ کسی کو لگ جائے تو بہت مشکل سے مریض صحت یاب ہوتا ہے۔ ہیپاٹائٹس سی کو کالا یرقان بھی کہا جاتا ہے، جس کا علاج ایک حد ہی تک ممکن ہے اور نہایت مہنگا بھی ثابت ہوتا ہے۔

یہ دونوں مرض لگنے کی بنیادی وجہ صفائی کا فقدان اور آلودہ پانی کا استعمال ہے۔ خاص طور سے بیت الخلاء کے استعمال کے بعد ہاتھ اچھی طرح نہ دھونا ہے۔ ان امراض میں مبتلا مریض کو بھوک نہیں لگتی، کمزوری محسوس ہوتی ہے اور کبھی کبھار ہلکا ہلکا بخار رہتا ہے۔ اگر بروقت توجہ نہ دی جائے تو مرض بڑھتا رہتا ہے اور آخرکار جان لیوا ثابت ہوتا ہے۔ یہ سب چیزیں مل کر کسی بھی ورکر کی کارکردگی کو متاثر کرسکتی ہیں۔ اس مرض کی نشاندہی خون کے ٹیسٹ سے ہوتی ہے۔

آئی سی آئی پاکستان میں کمپنی کی جانب سے تمام اسٹاف کی صحت کے حوالے سے بھرپور خیال رکھا جاتا ہے۔ ہیپاٹائٹس کی بڑھتی ہوئی شرح کو مدنظر رکھتے ہوئے ہمارے پولیسٹر پلانٹ پر کام کرنے والے تمام افراد کا ہیپاٹائٹس اسکریننگ ٹیسٹ کروایا گیا اور 99% افراد صحت مند پائے گئے۔



اس ٹیسٹ کے نتائج کمپنی کی ہیلتھ آگاہی اسکیم کی کامیابی کا نتیجہ ہیں جس کے تحت وقتاً فوقتاً تمام افراد کو صحت اور صفائی اور اپنا خیال رکھنے کے حوالے سے مختلف تربیتی پروگرام ہوتے رہتے ہیں۔

## انتقال پُر ملال



ہمارے پاور جنریشن پلانٹ کے کنٹریکٹ ورکر محمد خلیل (سابقہ ٹائم کیپر) کے والد محترم مورخہ 27 دسمبر 2013 بروز جمعۃ المبارک کو ہارٹ اٹیک ہونے سے انتقال فرما گئے۔

اناللہ وانا الیہ راجعون۔

مرحوم انتہائی ایماندار سرکاری ملازم تھے۔ آپ صوم وصلوٰۃ کے پابند تھے اور بوقتِ انتقال نعت شریف سنا رہے تھے۔ مرحوم نے پسماندگان میں بیوہ، تین بیٹے اور ایک بیٹی چھوڑی ہے۔ اللہ پاک مرحوم کو جنت الفردوس اور پسماندگان کو صبرِ جمیل اور اجرِ عظیم عطا فرمائے۔ آمین۔

## ذرا سوچیئے

شمروز خان، ڈرائیور، ہیڈ آفس

حضرت اسماء بنت ابی بکرؓ سے روایت ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا "خرچ کیا کر، گنا نہ کرتا کہ تمہیں بھی گن کے نہ ملے اور جوڑ کے نہ رکھو تا کہ تم سے بھی اللہ تعالیٰ اپنی نعمتوں کو نہ چھپالے۔ (صحیح بخاری مسلم)

یہاں خرچ کرنے سے مراد غریبوں اور ضرورت مندوں کی دل کھول کر مدد کرنے سے ہے اور جو لوگ لوگوں کی حاجات جاننے کے باوجود ان کی مدد نہیں کرتے اور کنجوس یا بخیلی کرتے ہیں تو اللہ تعالیٰ بھی ان کو اپنی نعمتوں سے محروم رکھتا ہے۔

- جو ذرا سی بات پر دوست نہ رہے وہ دوست تھا ہی نہیں۔
- جسے ایسے دوست کی تلاش ہے جس میں کوئی خامی نہ ہو۔ اسے کبھی دوست نہیں ملے گا۔
- جب تم کسی سے محبت کرو تو اس سے ذرا سی بھی محبت نہ مانگو۔ کیونکہ تم نے محبت کی ہے تجارت نہیں۔
- کبھی اس کو نظرانداز نہ کرو جو تمہاری بہت پرواہ کرتا ہو۔ ورنہ کسی دن تمہیں احساس ہوگا کہ پتھر جمع کرتے کرتے تم نے ہیرا گنوا دیا۔



- جب کسی ضرورت مند کی آواز تم تک پہنچے تو اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرو۔ کیونکہ اس نے اپنے بندے کی مدد کے لیے تمہیں پسند فرمایا ورنہ وہ اکیلا ہی کافی ہے سب کے لیے۔ (بے شک)

## جب مسئلہ "انا" کا ہو!

ہمیشہ سمجھوتہ کرنا سیکھو۔ کیونکہ تھوڑا سا جھک جانا کسی رشتے کو توڑ دینے سے بہت بہتر ہے۔

آپ ﷺ نے فرمایا "اگر جھک جانے میں تمہاری عزت کم ہو جائے تو قیامت والے دن مجھ سے لے لینا"۔

سبحان اللہ

میرا صفحہ

# مضمون: ماحول کی آلودگی

جدید دور میں سائنس، زراعت اور صنعت کی ترقی کے ساتھ ساتھ انسانوں کے لیے نئے مسائل کا اضافہ بھی ہو رہا ہے۔ ان میں ایک مسئلہ ''ماحول کی آلودگی'' ہے اس میں اردگرد کی تمام جاندار اور بے جان چیزیں شامل ہیں۔ ایسی تمام چیزیں انسانی سرگرمیوں کی وجہ سے متاثر ہوتی ہیں۔

آلودگی ایک ایسا عمل ہے جو زمین ہوا اور پانی کو گندا اور نقصان دہ بنا دیتا ہے۔

ہمارا کرۂ ہوائی آلودگی کا باعث بننے والے مختلف مادوں کو اپنے اندر جذب کر لیتا ہے۔ مگر جب ان مادوں کی مقدار بڑھ جاتی ہے تو پھر قدرت کا یہ نظام ان کو جذب کرنے کے قابل نہیں رہتا اس کے نتیجے میں یہ مادے انسانوں جانوروں، پودوں اور دیگر اشیاء کو نقصان پہنچانا شروع کر دیتے ہیں۔

پانی اللہ تعالیٰ کی ایک بہت بڑی نعمت ہے۔ پانی کے بغیر کوئی چیز زندہ نہیں رہ سکتی۔ کارخانوں فیکٹریوں اور رہائشی علاقوں کے غلیظ پانی میں زہریلے اور گندے مادے بہت زیادہ مقدار میں ہوتے ہیں۔ اس آلودہ پانی سے آبی جانداروں اور خشکی کے جانوروں کے علاوہ انسان بھی متاثر ہوتے ہیں۔

یہ ساری آلودگیاں انسانی صحت کے لیے نقصان دہ ہیں۔ اس لیے ضروری ہے کہ ہم اپنے ماحول کو صاف ستھرا رکھیں۔ زیادہ سے زیادہ درخت لگائیں کیونکہ درخت فضائی آلودگی کو بھی ختم کرتے ہیں۔



نام: حناطہ فاطمہ
کلاس: VI
اسکول: فوکس ویلی سیکنڈری اسکول گلشن معمار، کراچی۔

## دعا

درد جس دل میں ہو میں اس کی دوا بن جاؤں
کوئی بیمار اگر ہو تو شفا بن جاؤں
دکھ میں جلتے ہوئے لب کی دعا بن جاؤں
اُف وہ آنکھیں کہ ہیں بینائی سے محروم کہیں
روشنی جن میں نہیں نور جن آنکھوں میں نہیں
میں ان آنکھوں کے لیے نور و ضیا بن جاؤں
ہائے وہ دل جو تڑپتا ہوا گھر سے نکلے
اُف وہ آنسو جو کسی دیدۂ تر سے نکلے
میں آنسو کو سکھانے کو ہوا بن جاؤں
دور منزل سے اگر راہ میں تھک جائے کوئی
جب مسافر کہیں رستے سے بھٹک جائے کوئی
خضر کا کام کروں راہ نما بن جاؤں
عمر کے بوجھ سے جو لوگ دبے جاتے ہیں
ناتوانی سے جو ہر روز جھکے جاتے ہیں
ان ضعیفوں کے سہارے کو عصا بن جاؤں



نام: سید خواجہ غوث محی الدین
کلاس: V
اسکول: فوکس ویلی سیکنڈری اسکول گلشن معمار، کراچی۔

## کیسا لگ رہا ہوں...!



سید خواجہ فائز محی الدین

## میرے پسندیدہ اشعار

اس شوخ کے انداز نرالے تھے جہاں سے
اقرار بھی کرتا تھا اور کہتا بھی نہیں تھا

اس نے حال جو پوچھا تو آنکھ بھر آئی
یہ حادثہ بھی محبت میں بارہا گزرا

ہر اِک بات پہ کہتے ہو تو کیا ہے
تم ہی بتاؤ کہ یہ انداز گفتگو کیا ہے

شبِ انتظار کی کشمکش، یہ نہ پوچھو کیسے سحر ہوئی
کبھی اک چراغ جلا دیا، کبھی اک چراغ بجھا دیا

ایک وقت تو مہمان تجھ کو بنا سکتا ہوں میں
پڑ گئی ہے پر تجھے کیوں میرے گھر کھانے کی چاٹ

پولی ایسٹر

رپورٹر: شہباز احمد

# فرسٹ ایڈ اینڈ فائر فائٹنگ ٹریننگ



آئی سی آئی پولیسٹر سیفٹی اینڈ ٹریننگ ڈیپارٹمنٹ نے اپنے ایمپلائز اور کسٹمرز کے نمائندوں کے لیے فرسٹ ایڈ اینڈ فائر فائٹنگ ٹریننگ کا انتظام کیا۔ یہ ٹریننگ 26 نومبر 2013 کو آئی سی آئی کے ٹریننگ سینٹر میں منعقد ہوئی۔ شرکاء کو ڈاکٹر تنویر حیدر (میڈیکل سروسز منیجر) نے فرسٹ ایڈ کی تربیت دی۔ احتشام رانا (ٹریننگ منیجر) اور محمد علی (سیفٹی آفیسر) نے فائر فائٹنگ سے متعلق آگاہی دینے کے بعد آگ بجھانے کی عملی تربیت دی اور شرکاء سے اس کا مظاہرہ بھی کرایا۔

پولی ایسٹر

رپورٹر: شہباز احمد

# ریٹائرمنٹ پارٹی





پولیسٹر بزنس کے ورکرز کی طرف سے 31 دسمبر 2013 کو ریٹائر ہونے والے ملازمین حاجی اشفاق حسین (ایڈمن اسسٹنٹ) اور محمد علی شاہد (چارج ہینڈ) کے اعزاز میں روایتی ریٹائرمنٹ پارٹی مورخہ 24 دسمبر 2013 بروز منگل ورکس کینٹین ہال میں منعقد ہوئی۔ تقریب کا آغاز تلاوتِ قرآن کریم سے ہوا۔ اس کے بعد ریٹائر ہونے والے ملازمین میں تحائف تقسیم کیے گئے۔ ریٹائر ہونے والے دونوں ورکرز نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے اپنی سروس صحت وتندرستی کے ساتھ پوری ہونے پر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کیا اور کمپنی کے بہتر مستقبل کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

اس تقریب کے مہمان خصوصی جناب رضا آذر صاحب ورکس منیجر پولیسٹر بزنس تھے۔ انہوں نے اپنے خطاب میں ریٹائر ہونے والے ملازمین کی بزنس کے لیے خدمات کو سراہا۔ اس تقریب میں یونین آفیشلز، ورکرز اور مینجمنٹ اسٹاف نے بھرپور شرکت کی۔ آخر میں حاضرین کی ریفریشمنٹ سے تواضع کی گئی۔

کیمیکلز

رپورٹر: محمد حنیف

# پرویز مسیح ۔ الوداعی پارٹی

پرویز مسیح کیمیکلز پلانٹ کراچی پر ایک ہر لعزیز شخصیت کے مالک ہیں ۔ 31 دسمبر 2013 کو پرویز مسیح 28 سال کی ملازمت کے بعد ریٹائر ہو گئے۔

پرویز نے 1985 میں کیمیکلز پلانٹ پر بطور ہیلپر اپنی ملازمت کا آغاز کیا اور کام سے اپنی لگن اور محنت کی وجہ سے ترقی کرتے ہوئے پروسیس مین کے عہدے تک جا پہنچے۔

پرویز ہر ایک کے دکھ درد میں شریک ہونے والے انسان ہیں۔ پرویز مسیح کی ریٹائرمنٹ کے موقع پر ان کے ساتھیوں نے ایک الوداعی پارٹی کا بندوبست کیا جس میں سابقہ جنرل منیجر فیصل اختر اور نئے جنرل منیجر سمیع کشمیری اور دیگر افراد نے شرکت کی۔

فیصل اختر نے پرویز مسیح کے بارے میں اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ میرا اور پرویز کا ساتھ بہت پرانا ہے اور پروسیس کے حوالے سے میں نے پرویز سے بہت کچھ سیکھا ہے۔ پرویز کی خاص بات جو اس پورے عرصے میں نے نوٹ کی ہے وہ یہ کہ انہوں نے ہمیشہ مثبت سوچ کا مظاہرہ کیا اور بزنس کی ترقی میں بڑے ہی مثبت انداز میں اپنا کردار ادا کیا ہے۔ آج ہم سے ایک ایسا ساتھی رخصت ہو رہا ہے جس کو ہم ہمیشہ یاد رکھیں



گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پرویز نے میٹرک کے بعد ہی کمپنی کو جوائن کر لیا تھا لیکن ان کی آگے بڑھنے کی لگن نے انہیں مزید تعلیم حاصل کرنے پر مجبور کیا اور پرویز نے اب ماسٹرز بھی کر لیا ہے۔ یہ ہم سب کے لیے بڑے فخر کی بات ہے اور نئے جوائن کرنے والوں کے لیے پرویز ایک مشعلِ راہ بھی ہے۔

سمیع کشمیری نے اپنے خطاب میں کہا کہ اگرچہ مجھے نہایت کم موقع ملا ہے پرویز کے ساتھ کام کرنے کا لیکن



فیصل نے جس طرح پرویز کے بارے میں تفصیل سے یہاں بتایا ہے یہ یقیناً میرے لیے بھی بڑے فخر اور اطمینان کی بات ہے کہ پرویز نے 28 سالہ ملازمت کے دوران اتنے لوگوں کے دلوں میں جگہ بنائی آج سب اس کی الوداعی پارٹی میں بڑے جوش و جذبے سے شریک ہیں اور انہیں خراجِ تحسین پیش کر رہے ہیں۔

پلانٹ منیجر فہد یوسف نے کہا کہ میں نے پرویز کے کام کرنے کے طریقے میں ایک خاص بات یہ نوٹ کی یہ ہمیشہ سیفٹی کو اور کام کرنے کے محفوظ ترین طریقۂ کار کو ہمیشہ اوّلین ترجیح دیتے تھے جو کہ یقیناً ہم سب کی ذمہ داری ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ ان کے اندر بلا کسی خوف و خطر اپنا نکتہ نظر بیان کرنے کا حوصلہ ہے وہ بہت کم لوگوں میں دیکھا ہے۔

اتنی طویل مدت ملازمت کے دوران اپنے بہترین کام اور مثبت رویے کی وجہ سے پرویز نے بہت سارے مقابلوں میں حصہ لیا اور انعامات حاصل کیے۔ تقریب کے آخر میں پرویز کو بہت سارے یادگاری تحائف دیئے گئے اور شرکاء نے ان کی صحت اور پرُمسرت ریٹائرڈ زندگی کے لیے دعا کی۔





کیمیکلز

رپورٹر: محمد حنیف

# مکرم علی خان

## 20 سالہ بہترین کارکردگی ایوارڈ



مکرم علی خان ہمارے کیمیکلز پلانٹ پر اس وقت بطور جونیئر مینوفیکچرنگ آفیسر کام کر رہے ہیں۔ مکرم ان محنتی اور اپنا کام لگن سے کرنے والے افراد میں سے ہیں جو کسی بھی ادارے کے لیے ایک سرمائے کی حیثیت رکھتے ہیں۔

مکرم نے 1993 میں آئی سی آئی پاکستان کیمیکلز بزنس میں پولی یوریتھین پلانٹ پر بطور پلانٹ آپریٹر جوائن کیا تھا اور اپنی محنت اور کام کو ذمہ داری سے انجام دینے کی خصوصیات کی وجہ سے جلد ہی اپنے دیگر ساتھیوں کے درمیان نمایاں مقام حاصل کر لیا۔ انہوں نے ہمیشہ اپنے کام میں جدت پیدا کرنے کی کوشش کی اور ہر نئے چیلنج کو آگے بڑھ کر قبول کیا اور نہایت عمدگی سے اس کو انجام بھی دیا۔ اس کی بہترین مثال SAP کی پروڈکشن کے حوالے سے تمام قسم کی پوسٹنگ اور کنٹرولز پر عبور حاصل کرنا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ پولی یوریتھین پلانٹ کی مکمل سپرویژن بھی مکرم کے فرائض میں شامل ہے۔

مکرم کو ان کی طویل اور بہترین کارکردگی پر گزشتہ دنوں 20 سال طویل مدتی ایوارڈ کمپنی کی جانب سے دیا گیا۔

یہ ایوارڈ کیمیکلز بزنس کے سابقہ جنرل منیجر فیصل اختر نے ایک سادہ سی تقریب میں مکرم کو دیا اور ان کی صلاحیتوں کو سراہا۔ اس کے ساتھ ساتھ انہوں نے امید ظاہر کی کہ مکرم آئندہ بھی اسی نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کریں گے۔

مکرم کے دو بیٹے محمد معیز خان کلاس VII اور محمد محبّ خان کلاس IV میں پڑھ رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ ایوارڈ میرے اور میرے خاندان کے لیے نہایت مسرت کا باعث ہے اور میں کوشش کروں گا کہ کمپنی کے تمام طویل مدتی کارکردگی ایوارڈز حاصل کروں۔

ادارہ ہمقدم کی جانب سے مکرم علی خان کو یہ ایوارڈ حاصل کرنے پر بہت مبارک۔

سوڈا ایش

رپورٹر: ملک محمد امیر۔ الیکٹریکل فورمین

# امونیا کا بہترین استعمال



ہمارے ایش کی پروسس، میٹینس اور ای اینڈ آئی کی ٹیموں نے ایک حکمت عملی کے تحت سوڈا ایش کے پیداواری عمل میں امونیا کے استعمال کو کم سے کم کرنے پر غور کیا اور نتیجتاً اس میں کامیابی حاصل کر لی جس کی بدولت سوڈا ایش کی پیداواری لاگت میں کمی اور پلانٹ پر کام کرنے کے حالات میں بہتری آ گئی۔

حال ہی میں ان ٹیموں نے مزید مختلف ایریاز میں بہتری کے لیے کوششیں کیں اور بہترین نتائج حاصل کیے چنانچہ ماہِ نومبر 2013 میں سوڈا ایش پلانٹ پر امونیا کا استعمال 323 kg PTA رہا جو کہ موجودہ توانائی کے بحران میں نہایت بہترین کارکردگی کا مظاہرہ ہے۔

یہ سب بہترین ٹیم ورک، مضبوط منصوبہ بندی اور لگن اور محنت کا نتیجہ ہے۔ شاباش ٹیم۔

# ڈینس سوڈا ایش کی ریکارڈ پیداوار

پاکستان میں جس تیزی سے گلاس اور ڈیٹرجنٹ انڈسٹریز ترقی کر رہی ہیں اس تیزی سے ڈینس سوڈا ایش کی ان صنعتوں کی جانب سے مانگ میں بھی اضافہ ہوتا جا رہا ہے۔ اعلیٰ اور معیاری گلاس بنانے کے لیے خالص ڈینس سوڈا ایش پر انحصار کرنا پڑتا ہے تا کہ وہ اپنے کسٹمرز کے لیے ورلڈ کلاس پروڈکٹ بنا سکیں۔

ہمارے سوڈا ایش پلانٹ پر گزشتہ دنوں کچھ مناسب تبدیلیاں کی گئیں تا کہ پیداواری صلاحیت کو بڑھایا جا سکے۔ اس کے نتیجے میں ڈینس سوڈا ایش کا 6770 ٹن کا ریکارڈ پیداواری سنگ میل قائم ہوا۔ یہ سب پروڈکشن ٹیم کی انتھک محنت اور بہترین ٹیم ورک کی بدولت حاصل ہوا۔ شاباش پروڈکشن ٹیم۔



سوڈا ایش

رپورٹر: ملک محمد امیر۔ الیکٹریکل فورمین

# سوڈا ایش کے ساتھیوں کے اعزاز میں الوداعی پارٹی

پچھلے سالوں کی طرح اس سال بھی ریٹائر ہونے والے ساتھیوں کے اعزاز میں یونین نے تمام ورکرز کی طرف سے ایک ٹی پارٹی کا ویلفیئر ہال میں اہتمام کیا۔ اس سال 2013 میں سوڈا ایش سے 8 ورکرز ریٹائر ہوئے۔ جنہوں نے ایک لمبا عرصہ آئی سی آئی سوڈا ایش میں گزارا۔ اس سال ریٹائر ہونے والے حاجی محمد ارشد کا تعلق انجینئرنگ ڈیپارٹمنٹ سے انہوں نے سوڈا ایش میں 42 سال 7 ماہ سروس کی۔ حاجی محمد حسین پروسس سے 37 سال 6 ماہ، حاجی محمد صدیق ایڈمن ڈیپارٹمنٹ سے 34 سال 6 ماہ۔ حاجی منظور حسین پروسس سے 38 سال 11 ماہ۔ محمد اسلم 38 سال 11 ماہ۔ محمد افسر 27 سال 8 ماہ۔ ٹیکنیکل سے چوہدری فتح علی 25 سال 11 ماہ ایڈمن سے شہناز خان 23 سال 10 ماہ ایڈمن ڈیپارٹمنٹ سے ایک لمبا عرصہ سروس کرنے کے بعد آئی سی آئی سوڈا ایش سے 31 دسمبر 2013 کو ریٹائر ہوئے ہیں۔



اس تقریب میں تمام ایمپلائز۔ منیجرز صاحبان۔ آفیسر، ہیڈ آف ڈیپارٹمنٹ اور سوڈا ایش کے ورکس منیجر سید انور العباد صاحب نے شرکت کی۔ اس تقریب کے مہمانِ خصوصی جناب علی اسرار آغا صاحب وائس پریذیڈنٹ تھے۔ تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک سے کیا۔ ایمپلائیز یونین کے صدر سلیم صاحب نے تمام مہمانوں کو خوش آمدید کہا۔ انہوں نے اپنے خطاب میں ریٹائر ہونے والے ساتھیوں کی خدمات کو سراہا کہ انہوں نے اپنی ذمہ داریاں نہایت اچھے طریقے سے پوری کیں اور کمپنی کو کبھی شکایت کا موقع نہیں دیا۔

آخر میں تقریب کے مہمانِ خصوصی جناب علی اسرار آغا صاحب نے تمام ریٹائر ہونے والے ورکرز کو مبارک باد دی ان کی خدمات کے بارے میں تفصیل سے بات چیت کی اور ان کی باقی ماندہ زندگی کے لیے دعا کی کہ آپ جہاں رہیں خوش رہیں۔ اللہ تعالیٰ آپ کو صحت عطا فرماتے۔ اپنی فیملی کے ساتھ خوش وخرم رہیں۔ (آمین)



سوڈا ایش

رپورٹر: ملک محمد امیر۔ الیکٹریکل فورمین

# محمد صدیق۔ ایڈمن آفس کے نگراں الوداعی پارٹی

محمد صدیق آزاد کشمیر کی تحصیل راولا کوٹ کے گاؤں بلاک مہرہ میں 1952 میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم اپنے گاؤں ہی سے حاصل کی۔ 1970 میں پاک فوج میں بھرتی ہوگئے۔ 1971 کی جنگ لاہور کے باڈر پر لڑی۔

1975 میں پاک فوج کو خیر باد کیا اور (PMDC) پاکستان معدنی ترقیاتی کارپوریشن ( پنجاب جنرل) کھیوڑہ کو جوائن کرلیا۔ 1979 میں آئی سی آئی پاکستان میں بطور سیکورٹی گارڈ بھرتی ہوئے اور 14 سال بطور سیکورٹی گارڈ خدمت سرانجام دی۔ 1992 میں ان کو بطور Office Caretaker، آفس میں تبدیل کر دیا گیا۔

26 دسمبر 2013 کو ایڈمن ڈیپارٹمنٹ کے اسٹاف نے جناب محمد صدیق کے اعزاز میں الوداعی ڈیز کا اہتمام کیا۔ جس میں ایڈمن ڈیپارٹمنٹ کے تمام اسٹاف نے شرکت کی۔ محمد اعجاز چوہان نے اپنے خطاب میں کہا کہ صدیق صاحب ہمارے بزرگوں جیسے ہیں۔ ہر لمحہ ہم نے ان سے سیکھا۔ انہوں نے ہمیں بچوں کی طرح سمجھایا۔

محمد صدیق اپنے اسٹاف سے بہت خوش تھے۔ انہوں نے کہا کہ ان لوگوں نے مجھے بہت عزت دی۔ میں ان کا تہہ دل سے مشکور ہوں۔ محمد صدیق 31 دسمبر 2013 کو ریٹائر ہوئے ہیں۔

صدیق صاحب کی چار بیٹیاں اور دو بیٹے ہیں۔ انہوں نے اپنے بچوں کو تعلیم کے زیور سے آراستہ کیا ہے۔ بڑی بیٹی نے بی اے بی ایڈ کیا ہے۔ بیٹے نے سویڈن سے ایم فل اکنامکس میں کیا۔ بیٹی نے ایم فل اکنامکس۔ اسلامک انٹرنیشنل یونیورسٹی سے کیا۔ سب سے چھوٹی بیٹی میڈیکل کی طالبہ ہے جو پنجاب کالج میں زیر تعلیم ہے۔ محمد صدیق کہتے ہیں کہ آج تعلیم کا دور ہے۔ جو بچے تعلیم حاصل کریں گے۔ وہ آگے بڑھیں گے۔

محمد صدیق صاحب نے آئی سی آئی کی انتظامیہ کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ مینجمنٹ اسٹاف نے میری بھرپور دورکی۔ میں زندگی بھر ان کا احسان مند رہوں گا۔ میں اپنی آئی سی آئی کی 34 سالہ سروس سے بہت مطمئن ہوں۔ میں اپنے اس ادارے کی ترقی کے لیے دعا گو ہوں۔

اللہ تعالیٰ اس ادارے کو دن دوگنی اور رات چوگنی ترقی دے۔ (آمین)



لائف سائنسز

سیڈز ڈویژن

# ٹاپ ویٹ (ویڈیسائیڈ) اور نیوٹائیلز فنگی سائیڈ)




ہمارے سیڈز ڈویژن نے دسمبر 2013 میں ایگروکیمیکلز سے متعلق دونئی پروڈکٹس ٹاپ ویٹ (ویڈیسائیڈ) اور نیوٹائیلز (فنگی سائیڈ) کو کامیابی سے مارکیٹ میں پیش کیا ہے۔ واضح رہے کہ ایگروکیمیکلز کا شعبہ 2000 میں بند کر دیا گیا تھا اور اب بزنس اس کو دوبارہ شروع کرنے کا ارادہ رکھتا ہے۔



سیڈز ڈویژن

# سیمینار۔ آئل سیڈز کی فصل

## وفاقی وزیر برائے نیشنل فوڈ سیکورٹی اور ریسرچ، سکندر بوسن مہمانِ خصوصی

آئل سیڈز کی پروموشن کے لیے ہمارے لائف سائنسز بزنس کے سیڈز ڈویژن نے جنوبی پنجاب کے 500 سے زائد ڈیلرز اور کاشتکار حضرات کے لیے ملتان میں ایک سیمینار کا انعقاد کیا۔ اس موقع پر وفاقی وزیر برائے نیشنل فوڈ سیکورٹی اور ریسرچ، سکندر بوسن مہمانِ خصوصی تھے۔

مقررین نے آئل سیڈز کی ہماری معیشت میں اہمیت پر روشنی ڈالی۔ اس موقع پر کاشتکاروں نے آئل سیڈز کی پیداوار سے متعلق درپیش مسائل پر گفتگو بھی کی۔ سیڈز ڈویژن کی ٹیم نے آئل سیڈز سے متعلق تمام تفصیلات سے شرکاء کو آگاہ کیا اور بیج بھی نمائش کے لیے رکھے۔

مہمانِ خصوصی وفاقی وزیر برائے نیشنل فوڈ سیکورٹی اور ریسرچ سکندر بوسن نے اپنے خطاب میں آئی سی آئی پاکستان کی زراعت میں کارکردگی کو بے حد سراہا اور امید ظاہر کی کہ کاشتکاروں کے لیے اس قسم کے سیمینار کمپنی کی جانب سے آئندہ بھی منعقد کیے جاتے رہیں گے۔



لائف سائنسز

سیڈز ڈویژن

# سیمینار ۔ مکئی کا بیج ہائی کارن 333 اور ہائی کارن 999 سپر۔




ہمارے لائف سائنسز بزنس کے سیڈز ڈویژن نے گزشتہ دنوں ساہیوال ریجن میں مکئی کے ڈیلرز اور کاشتکاروں کے لیے ایک سیمینار کا انعقاد کیا۔ سیمینار کا بنیادی مقصد ڈیلرز اور کاشتکاروں کو ان نمائشی جگہوں کا معائنہ کرانا تھا جہاں ہم نے موسم خزاں (خریف) کے حوالے سے مکئی کی مختلف ورائٹی ہائی کارن 339 اور ہائی کارن 999 سپر کی 6 کاشت کی تھی۔ ان ڈیلرز اور کاشتکاروں کو ساہیوال ریجن میں کاشت کیے گئے مختلف پلاٹس پر لیجایا گیا اور ہماری سیلز ٹیم کے نمائندوں نے پروڈکٹس کے بارے میں تفصیل سے بتایا۔

شرکاء نے ان دونوں بیجوں کی کارکردگی پر اپنے اطمینان کا اظہار کیا اور آئندہ سیزن کے لیے ان بیجوں کی آبیاری پر اپنی بے حد دلچسپی ظاہر کی۔

# اپر سندھ میں سورج مکھی کی کاشت



ہمارے سیڈز ڈویژن نے گزشتہ دنوں اپر سندھ کے شہر شکارپور میں سورج مکھی کی کاشت کے حوالے سے ایک سیمینار منعقد کیا۔ تقریب کے مہمان خصوصی ہدایت اللہ چھجرو، ڈائریکٹر جنرل ایگریکلچرل ایکسٹینشن (حیدرآباد) سندھ تھے ان کے ساتھ ساتھ عبدالمجید نظامانی، صدر سندھ آبادگار بورڈ اور محمود نواز شاہ نائب صدر، سندھ آبادگار بورڈ نے اس تقریب میں خصوصی شرکت کی۔

سیمینار کا مقصد اپر سندھ کے کاشتکاروں کو ہمارے سن فلاور بیج کی لوئر سندھ میں کارکردگی کے بارے میں بتانا اور انہیں ایک متبادل فصل کے طور پر ہمارے سن فلاور بیج کی آبیاری کا آئیڈیا دینا تھا۔

300 سے زائد مقامی کاشتکار اور ڈیلرز حضرات نے اس سیمینار میں شرکت کی۔ اتنی بڑی تعداد میں شرکاء کی شرکت ان کا ہمارے سن فلاور بیج میں دلچسپی کا باعث ہے اور امید ہے کہ اپر سندھ کے کاشتکار ہمارے سن فلاور بیج اور دیگر پروڈکٹس میں دلچسپی لیں گے اور اچھی فصل حاصل کریں گے جو یقیناً ان کے لیے خوشحالی اور کمپنی کے لیے ایک بہتر تاثر قائم کرنے کا باعث ہوگا۔

لائف سائنسز

اینیمل ہیلتھ ڈویژن

# پولٹری کی صنعت سے وابستہ کسٹمرز کا دورۂ اٹلی



ہمارے لائف سائنسز بزنس کے اینیمل ہیلتھ ڈویژن کی ہمیشہ سے یہ کوشش رہی ہے کہ کسی بھی کاروبار کے لیے بہترین شراکت اور انتہائی لگن بہت ضروری ہے۔ اس کی مثال حال ہی میں ڈویژن کے ایک دہائی سے بھی زیادہ عرصے سے پارٹنر ایلانکو کی جانب سے سینٹر آف ایکسیلنس میٹنگ کا انعقاد تھا جو کہ اٹلی کے شہر روم میں ہوئی۔

اس فورم میں ہمارے دو بڑے کسٹمرز کے اینڈ این (K&NS) کے چیف ایگزیکٹو خلیل ستار اور اولیمپیا فیڈ کے چیف ایگزیکٹو میاں ذیشان منوں نے خصوصی دعوت پر شرکت کی۔ بزنس کی جانب سے وائس پریذیڈنٹ آصف ملک اور مارکیٹنگ منیجر صبور احمد اس فورم میں شریک ہوئے۔

اس موقع پر مختلف سیمینار، پریزنٹیشن اور گروپ کی شکل میں معلومات کا تبادلہ بھی کیا گیا جن کا مرکزی نقطہ موجودہ اور مستقبل میں پولٹری اور فیڈ کی انڈسٹری میں ہونے والے رجحانات کے بارے میں تھا۔

اس فورم کا ایک مقصد یہ بھی تھا کہ کسٹمرز کو پولٹری کی صنعت میں اضافے کے امکانات سے آگاہی ہو اور اس کے ساتھ ساتھ پرنسپل کے ساتھ ہمارے تعلقات کی اہمیت اور پرنسپل کی ساکھ کا بھی اندازہ ہو۔ ہمارے اینیمل ہیلتھ ڈویژن کو امید ہے کہ مستقبل میں اپنے کسٹمرز بیس کو پاکستان کی پولٹری کی صنعت کی بنیاد پر مزید وسیع کرسکیں گے۔

---

سیڈز ڈویژن

# ٹماٹر برانڈ 1225

لائف سائنسز کے سیڈز ڈویژن نے سندھ کے ضلع دادو میں زرعی کاشتکاروں کے ساتھ ٹماٹر کے برانڈ 1225 کا دن منایا۔ اس برانڈ نے سندھ کے مختلف اضلاع میں بہترین پیداواری صلاحیت کا مظاہرہ کیا ہے۔ اور اپنے دیگر برانڈز کے مقابلے میں نمایاں مقام حاصل کیا ہے۔ کاشتکار اور ڈیلرز حضرات نے ٹماٹر برانڈ 1225 کو بہت مفید پایا اور اس کی پیداواری صلاحیت پر اپنے اطمینان کا اظہار کیا۔

اس موقع کا فائدہ اٹھاتے ہوئے ہمارے سیڈز ڈویژن نے اپنی دیگر پروڈکٹس اور برانڈ کے بارے میں کاشتکاروں اور ڈیلرز حضرات کو آگاہ کیا۔

کاشتکاروں اور ڈیلرز حضرات نے کمپنی کی کاوشوں کو بے حد سراہا کہ اس قسم کی آگاہی نشستیں ہمارے لیے بے حد کارآمد ثابت ہوتی ہیں۔



لائف سائنسز

اینیمل ہیلتھ ڈویژن

# فارمرز چوائس برانڈ کا 500 ملین سیلز کا سنگ میل




گزشتہ دنوں ہمارے اینیمل ہیلتھ ڈویژن نے نہایت کامیابی سے اپنے مشہور ومعروف برانڈ فارمرز چوائس کی سیل کا 543 ملین، کا ہدف عبور کیا۔ کسی بھی تجارتی سرگرمی میں تقریباً ایک سال کے دوران یہ ہدف حاصل کرنا یقیناً ایک بڑا کارنامہ ہے۔ اس موقع پر میریٹ ہوٹل کراچی میں ایک کیک کٹنگ کی تقریب رکھی گئی جس میں صبور احمد مارکیٹنگ منیجر نے تمام سیلز ٹیم کی کاوشوں کو سراہا جس کی بدولت یہ اہم سنگ میل حاصل ہوا۔

چند سال پہلے ایک نئے برانڈ فارمرز چوائس کا مارکیٹ میں پیش کیا جانا۔ اینیمل ہیلتھ کی مارکیٹنگ ٹیم کا ایک دلیرانہ فیصلہ تھا جس کی بنیاد غیر ملکی برنسپلز پر کم سے کم انحصار کرنا تھا۔ اس سلسلے میں سب سے پہلے آئی سی آئی وانڈہ کے نام سے مویشیوں کا چارہ مارکیٹ میں پیش کیا گیا اور اس کی مقبولیت کو مدنظر رکھتے ہوئے آہستہ آہستہ مزید پروڈکٹس فارمرز چوائس کے نام سے مارکیٹ میں پیش کیں جنہوں نے برانڈ کو مزید استحکام بخشا۔ سال 2012 میں فارمرز چوائس برانڈ نے مزید ایک قدم آگے بڑھایا اور پاکستان کی پولٹری کی صنعت کے لیے مختلف پروڈکٹس پیش کیں۔ اب اس وقت صورت حال یہ ہے کہ فارمرز چوائس برانڈ مویشی اور پولٹری کی صنعت میں ایک نمایاں مقام حاصل کر چکا ہے جو کہ چارے سے لیکر جانوروں کے پیٹ کے کیڑوں کو مارنے والی دوا، اینٹی بائیوٹک اور مویشیوں اور مرغیوں کو صحت مند اور توانا رکھنے والی مختلف پروڈکٹس مارکیٹ میں پیش کر رہا ہے۔

ڈویژن کے اس دلیرانہ فیصلے نے بزنس کی ترقی اور پائیداری میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ جس کے لیے اینیمل ہیلتھ ڈویژن کی تمام ٹیم مبارک باد کی مستحق ہے کہ ان کی انتھک محنت، لگن اور بہترین ٹیم ورک کے بغیر یہ ہدف حاصل نہیں ہوسکتا تھا۔




ہمقدم

Published by Corporate Communications & Public Affairs Department
ICI House, 5 West Wharf, Karachi, 74000
Designed by AA Graphics / Printed by